نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے رجسٹریشن کے آغاز کے لیے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں تقریب کا انعقاد۔

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت۔

ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام صوبہ میں زرعی خوشحالی کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 04جون 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے اغاز کے لیے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں تقریب کا انعقاد ہوا۔تقریب میں وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا 400 ارب روپے سے زائد کا "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام" صوبہ میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس پروگرام کے تحت آج وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا آغاز کیا جا رہا ہے جس کے ذریعے 300ارب روپے کی خطیر رقم سے کاشتکاروں کو بلاسود زرعی قرضہ حاصل کرنے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے اب تک 10 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پنجاب کا مقصد کاشتکاروں کی خوشحالی اور بہتری ہے۔اسی لیے کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو ڈل مین کے استحصال سے بچایا جائے گا۔کاشتکاروں کو ایک فصل کے لیے 30 ہزار روپے فی ایکڑ تک بلاسود زرعی قرضہ فراہم کیا جائے گا۔حکومت پنجاب کسان کارڈ کا دائرہ کار اور فنڈنگ مزید بڑھائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سکیم سے 1 تا 12.5 ایکڑ زرعی اراضی کے مالکان مستفید ہوں گے۔یہ منصوبہ محکمہ زراعت اور بینک آف پنجاب کے باہمی اشتراک سے شروع کیا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ سے ڈیڑھ لاکھ روپے تک فی کسان بلا سود زرعی قرضہ حاصل کر سکیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ کاشتکار اپنی فصل کے لئے زرعی مداخل کی خرید بروقت کر پائیں گے جس سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ کاشتکار کسان کارڈ کا قرضہ چھ ماہ کے اندر اندر ادا کرے جس سے اگلی فصل کے لیے بھی بلاسود زرعی قرضہ کی دستیابی ممکن ہو سکے گی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کسان کارڈ سے 5 لاکھ کاشتکار مستفید ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے لیے "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر عملدرآمد جاری ہے۔ کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو معیاری کھاد اور بیج مقرر کردہ قیمتوں پر دستیاب ہوگا۔انہوں نے کہا کہ کسان کارڈ کے اجراء کے لیے کاشتکاروں کو کسی بھی دفتر کا چکر نہیں لگانا پڑے گا اور کاشتکاروں کی آسانی کے لیے بذریعہ ایس ایم ایس الرٹ کسان کارڈ کا حصول کیا جا سکے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کسان کارڈ کے اجراء کے لیے محکمہ زراعت، بینک آف پنجاب، نادرا، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی مل کر کام کر رہے ہیں۔

مستقبل میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو مزید سہولیات اور سروسز فراہم کی جائیں گی۔صوبہ پنجاب میں 10 ہزار رجسٹرڈ ڈیلرز سے پی او ایس مشین کے ذریعے کاشتکار کھاد، بیج اور زرعی ادویات حاصل کر سکیں گے اور انہیں ڈل مین کو اضافی رقم دینے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

تقریب میں محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ افسران، بینک آف پنجاب، نادرا، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے نمائندوں اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے اجراء کیلئے نمایاں کام کرنے والے محکمہ زراعت و دیگر محکموں کے افسران کو وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے شیلڈز سے نوازا۔

☆☆☆☆